# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**SUBJECT: SOCIAL STUDIES**

**FINAL TERM**

**GRADE-5**

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ______________________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : b | Q. No.2 : c | Q. No.3 : a |
| Q. No.4 : d | Q. No.5 : a | Q. No.6 : d |
| Q. No.7 : d | Q. No.8 : a | Q. No.9 : d |
| Q. No.10 : c | Q. No.11 : a | Q. No.12 : c |
| Q. No.13 : a | Q. No.14 : c | Q. No.15 : a |
| Q. No.16 : b | Q. No.17 : a | Q. No.18 : b |
| Q. No.19 : d | Q. No.20 : b | Q. No.21 : b |
| Q. No.22 : a | Q. No.23 : a | Q. No.24 : b |
| Q. No.25 : d | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 26**

سوال نمبر 26

**a ) Write five ways to promote peace and harmony. (Marks 05)**

امن اور ہم آہنگی کے فروغ کے پانچ طریقے لکھیں۔ (5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو مکمل پانچ نمبر دیں۔ جزوی درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں۔ مکمل غلط جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: دوسروں کے ساتھ ہمیشہ نرمی اور رحم دلی سے پیش آئیں۔ اختلافات کے باوجود دوسروں کی رائے اور نظریات کا احترام کریں۔ غلطی کی صورت میں معذرت کر کے معاملہ حل کر لیں۔ دوسروں کے حقوق غصب کرنے سے تعلقات میں خرابی پیدا ہوتی ہے اس لیے ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھیں۔ کوئی بھی معاملہ پیش آئے تو امن اور ہم آہنگی کی خاطر صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مصالحت اختیار کریں۔

**Explain the difference between peace and conflict. (Marks 05)**

امن اور تنازع میں فرق بیان کریں۔ (5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

مکمل درست جواب لکھنے پر پورے پانچ نمبر دیں۔ جزوی درست جواب دینے پر ایک تا چار نمبر دیں۔ مکمل غلط جواب دینے پر صفر نمبر دیں۔

نمونے کا جواب: امن سے مراد کسی معاشرے میں لوگوں کا خوف و خطر اور ظلم و زیادتی کے بغیر سکون کے ساتھ زندگی گزارنا ہے. تنازع سے مراد لوگوں کا اپنے مفادات، توقعات اور اقدار کے درمیان ناقابل قبول اختلاف پایا جاتا ہے۔

**Question No: 27**

سوال نمبر 27

**a ) Why are handicrafts of Pakistan famous? Explain. (Marks 05)**

پاکستان کی دستکاریاں کیوں مشہور ہیں؟ وضاحت کریں۔ (نمبر 5)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں جزوی طور پر درست جواب لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے کا کوئی نمبر نہ دیں۔

نمونے کا جواب: پاکستانی دست کاریاں ہماری ثقافت کی شرط ہیں پاکستانی دستکاریاں پوری دنیا میں مقبول ہیں پاکستانی خواتین عام طور پر یہ دستکاریاں اپنے گھروں میں کرتی ہیں جس سے روزگار کے ساتھ ساتھ ہماری ثقافت کو بھی فروغ ملتا ہے پاکستان میں بننے والے دیدہ زیب برتنوں کو دنیا بھر میں برآمد کیا جاتا ہے سندھ میں بننے والی سندھی ٹوپی اور اجرک کو پسند کیا جاتا ہے ازاد کشمیر کی شالیں اور کڑھائی والے کپڑے خوبصورتی کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہیں۔ اسی طرح گلگت بلتستان میں بھی کڑھائی مینا کاری اور کشیدہ کاری میں نہایت عمدہ اور نفیس کام ہوتا ہے یہاں کے ایراگی ٹوپی چوگے اور گرم کورٹ بہت مشہور ہیں خیبر پختون خواہ عمدہ شالوں اور چمڑے سے تیار کردہ پشاوری چپل کی وجہ سے مشہور ہے یہاں کشیدہ کاری میں شیشے، تلہ، اون اور ریشم کے دھاگوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ پنجاب کے شہر گجرات میں بننے والے چینی اور مٹی کے برتن پوری دنیا میں مشہور ہیں۔

**Write the names of some languages spoken in Gilgit-Baltistan. (Marks 05)**

گلگت بلتستان میں بولی جانے والی چند زبانوں کے نام لکھیں۔ (5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں جزوی طور پر درست جواب لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے کا کوئی نمبر نہ دیں۔

نمونے کا جواب: گلگت بلتستان میں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں جو کہ درج ذیل ہیں بلتی، شینا، بروشسکی، وخی اور دیگر زبانیں بولی جاتی ہیں

**Question No: 28**

سوال نمبر 28

**a ) What is meant by natural disasters? Explain natural disaster types. (Marks 05)**

قدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟ قدرتی آفات کی اقسام بیان کریں۔ (نمبر 5)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی طور پر درست جواب کے 1 نمبر تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب

ایسے قدرتی عوامل اور فطری واقعات، جو نہ صرف انسانوں کی جان و مال بلکہ دوسرے جانداروں کے لیے بھی نقصان کا باعث ہوں، قدرتی آفات کہلاتے ہیں۔ مثال کے طور پر گردباد، خشک سالی، زلزلے، تودوں کا گرنا اور سیلاب قدرتی آفات میں شامل ہیں۔

**Describe the precautionary measures for Earthquake protection. (Marks 05)**

زلزلے سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر بیان کریں۔ (نمبر 5)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم اگر مکمل درست جواب لکھتا ہے تو پورے پانچ نمبر دیں جزوی طور پر درست جواب لکھتا ہے تو ایک تا چار نمبر دیں اور غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے کا کوئی نمبر نہ دیں۔

نمونے کا جواب

زلزلے کی صورت میں عمارتوں کو خالی کر دینا چاہئے۔

ایک بار زلزلہ آنے کے بعد اس کے جھٹکے دوبارہ بھی آسکتے ہیں، اس لیے خود کو دوبارہ آنے والے زلزلے کے جھٹکوں سے محفوظ رکھنے کے لیے تیار رکھیں۔

ایسے علاقوں میں بلند و بالا عمارتیں نہ بنائی جائیں، جہاں زلزلوں کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔

لوگوں کو زلزلے سے بچاؤ کی مشقیں کروائی جائیں تاکہ ہنگامی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے تیار رہیں۔

**Question No: 29**

---

سوال نمبر 29

---

**a ) What is primary purpose of using scale on map and also write types of scale.(Marks 05)**

نقشے پر پیمانے کے استعمال کا مقصد اور پیمانے کی اقسام بیان کریں۔ (5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اسے پورے پانچ نمبر دیئے جائیں۔ جزوی درست جواب لکھنے ایک تا چار نمبر دیں اور غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: پیمانے کی مدد سے ہم نقشے پر موجود مقامات کے درمیان زمینی فاصلہ معلوم کر سکتے ہیں۔ 1. خطی پیمانہ 2. بیانیہ پیمانہ 3. کسر اعتباری پیمانہ

**Write about the Globe? Explain it. (Marks 05)**

گلوب کسے کہتے ہیں؟ وضاحت کریں۔ (5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اسے پورے پانچ نمبر دیئے جائیں۔ جزوی درست جواب لکھنے ایک تا چار نمبر دیں اور غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: گلوب زمین کے نمونے کو کہتے ہیں۔ یہ گیند کی طرح گول ہوتا ہے۔ گلوب کی مدد سے ہم زمین پر خشکی اور پانی کی تقسیم کے حصے واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔ گلوب پر طول بلد اور عرض بلد کا جال بنا ہوتا ہے۔ گلوب پر پوری دنیا کو ایک نظر میں دیکھا جا سکتا ہے۔

**Question No: 30**

---

سوال نمبر 30

---

**a ) Explain the importance of International trade for Pakistan. (Marks 05)**

پاکستان کے لیے بین الاقوامی تجارت کی اہمیت بیان کریں۔ (5 نمبر)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو مکمل پانچ نمبر دیں۔ جزوی درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں۔ مکمل غلط جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: جب پاکستان کی برآمدات میں اضافہ ہو گا تو ان کی تیاری کے لیے اور زیادہ صنعتیں لگیں گی۔ صنعتیں قائم ہونے سے لوگوں کو روزگار ملے گا۔ برآمدات سے حاصل ہونے والی آمدن سے ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہو گا۔ غربت میں کمی ہو گی اور لوگوں کا معیارِ زندگی بلند ہو گا۔ درآمدات سے ضروری اشیاء کی قلت پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔

**Explain the importance of money in human life.(Marks 05)**

انسانی زندگی میں زر کی اہمیت بیان کریں۔ (نمبر 05)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اسے پورے پانچ نمبر دیئے جائیں۔ جزوی درست جواب لکھنے پر ایک تا چار نمبر دیں اور غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب: ہر شخص خوراک، لباس اور رہائش جیسی بنیادی ضروریات کے لیے نقد رقم پر انحصار کرتا ہے۔ دوسری بہت سی ضروریات اور خواہشات بھی اسی سے پوری ہوتی ہیں۔ زر تعلیم حاصل کرنے کاروبار کرنے زمین اور زیور خریدنے کے کام آتا ہے۔ زر سے نہ صرف ہم ضرورت کی اشیا خریدتے ہیں بلکہ مختلف خدمات بھی حاصل کرتے ہیں، جیسے ایک مکینک یا معمار کی خدمات حاصل کرنے کے لیے اس کو اجرت جیسوں کی صورت میں دی جاتی ہے۔